2017年5月18日ジャング紙ラーワルピンディー版2面

# اردو سرکاری زبان پر عملدرآمد کا مرحلہ وار آغاز ہو چکا‘ عرفان صدیقی

## وزیراعظم نے علاقائی زبانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے 8 ایوارڈ دینے کی بھی منظوری دیدی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) مشیر وزیراعظم برائے قومی تاریخ وادبی ورثہ عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ اردو کو سرکاری اور دفتری زبان کے طور پر رائج کرنے کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جارہے ہیں‘ اس کیلئے قومی، سماجی و معاشرتی سطح پر عملی جذبے اور کردار کی ضرورت ہے۔ وہ ادارہ فروغ قومی زبان (این ایل پی ڈی) کے زیراہتمام قومی مذاکرہ کی افتتاحی تقریب سے صدارتی خطاب کررہے تھے۔ عرفان صدیقی نے کہا کہ قائداعظمؒ اور علامہ اقبالؒ نے ہندی کے مقابلے میں اردو کو قومی زبان بنانے کا فیصلہ کیا تھا۔ یہ ایک آئینی، قومی، قانونی اور ملی تقاضا بھی ہے۔ وزیراعظم کے احکامات پر اردو کو سرکاری زبان کے طور پر اختیار کرنے کے سلسلے میں مرحلہ وار لائحہ عمل پر کام کا آغاز ہو چکا ہے۔ ستر فیصد سے زائد وزارتوں اور محکموں کی اردو ویب سائٹس تیار ہو چکی ہیں‘ شاہراہوں کے نام، دفتری تختیوں اور بورڈز کو اردو میں تحریر کرنے کے احکامات جاری کئے گئے ہیں۔ وزیراعظم نے علاقائی زبانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہر سال 8 ایوارڈز دینے کی بھی منظوری دیدی ہے۔ تقریب سے پروفیسر فتح محمد ملک، مسعود مفتی اور افتخار عارف نے بھی خطاب کیا۔